یونان میں حراست

یونانی قانون پناہ گزینوں کے حراست کو منظم کرتا ہے۔ قانون کے مطابق، بین الاقامی تحفظ کی تلاش کے لئے یا ملک میں داخل ہونے اور / یا غیر قانونی طور پرقیام کرنے کے واحد سبب کی بنا پر کسی بھی پناہ کے متلاشی کو گرفتار نہیں کرنا چاہیے۔

تاہم، قانون کے باوجود، بعض لوگوں کو، سب کو نہیں، مختلف مقامات پر حراست میں رکھا جاتا ہے اور ان میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں:

- استقبالیہ اور شناختی مراکز (آر آئی سی ایس اور 'ہاٹ سپاٹس' کے طور پر بھی معروف ہیں)۔
- پولیس کے کمرے
- سرکاری حراستی مرکز / ماقبل منتقلی مراکز۔

آپ کے جزیرے یا بر اعظم پر آمد یا قیام کے دوران آپ کو حراست میں لیا جا سکتا ہے۔

۲۰۱۶ میں حراستی مراکز کے طور پر استعمال کئے جانے والے پولیس سٹیشنوں میں درج ذیل شامل ہیں :

ایتھنز میں واقع کولونس، آجیوس پینٹلیمون، اومونیا اور **کیپسلی**، کے ساتھ ساتھ پیراس میں واقع **ڈریپٹسونا** کا پولیس اسٹیشن ہے۔

تھیسالونیکی کے علاقے میں، **تھسلالیکی، لیتی** اور **کرڈیلیو** کے ایلینس پولیس ڈائریکٹوریٹ کی حراستی عمارتوں میں کئی لوگوں کو قید میں رکھا گیا ہے۔

استقبالیہ اور شناختی مراکز یا پولیس کے کمروں کے علاقوں کے علاوہ یونان میں سات سرکاری حراستی مراکز / ما قبل اخراج کے مراکزپائے جاتے ہیں۔

ایتھنز آمیگڈالزا
ٹاوروس (پیٹررو رالی) ایتھنز
جنوبی یونان کورنتھ
شمال مشرقی یونان ڈرامہ (پارانیسٹی)
شمال مشرقی یونان اوریسٹیاڈا
ایجین جزیرہ کوس

کچھ جگہوں پر استقبالیہ اور شناخت سینٹر (آر آئی سی ایس) میں حراست صرف ۳ دن کی مختصر مدت تک جاری رہتی ہے، جب تک کہ آپ پولیس کی طرف سے رجسٹرڈ نہیں ہوجاتے، جس کے بعد آپ کو آر آئی سی ایس کے اندر یا باہر حرکت کرنے کی اجازت دی جائے گی لیکن آپ کی حرکت جزیرہ تک محدود ہے جب تک کہ آپ کو بر اعظم میں جانے کی اجازت نہ دی گئی ہو۔

بعض افراد کو طویل عرصے تک قید میں رکھا گیا ہے اور بعض لوگوں کو پناہ کے جانچ کی پوری مدت کے لئے حراست میں لیا جاتا ہے، جو کہ حالات پر منحصر ہے۔ براہ کرم ذیل میں 'حراست پر حراستی ٹائم فریم میں اضافہ کی وجہ' تلاش کریں۔

زیر حراست لوگوں کے لیے پناہ حاصل کرنے کا طریقہ کار(۱)۔

اگر آپ پولیس کے ذریعہ حراست میں لئے جاتے ہیں یا آپ کو استقبالیہ اور شناختی مرکز (آر آئی سی ایس) میں محدود رکھا جائے اور آپ بین الاقوامی تحفظ (پناہ) کے لئے درخواست دینا چاہتے ہوں، تو آپ کو پولیس اہلکار یا استقبالیہ اور شناختی مرکز کے عملے (آر آئی سی ایس) کو مطلع کرنا ہوگا، جو پناہ گزین سروس کو بین الاقوامی تحفظ کے لئے آپ کی درخواست جمع کرنے کی خواہش سے آگاہ کریں گے اور آ پ کی درخواست کے مکمل رجسٹریشن کے لیے وقت مقرر کیا جائے گا۔

آپ کے مکمل رجسٹریشن کے دن، آپ کو قریبی علاقائی پناہ گزین دفتر میں منتقل کیا جائے گا یا آپ کو حراستی عمارت کے چلانے والی پناہ گزین یونٹ کے ذریعہ مکمل طور پر رجسٹرڈ کیا جائے گا۔ رجسٹریشن کوایسی زبان میں جو آپ سمجھتے ہوں ایک ترجمان کی مدد سے انجام دیا جائے گا ، اور پناہ گزیں سروس کا عملہ آپ کو اس کارروائی سے متعلق تمام ضروری معلومات فراہم کرے گا۔

آپ کو آپ کی شناخت ثابت کرنے والی کسی بھی دستاویز جیسے پاسپورٹ، یا آپ کی درخواست سے متعلق دیگر دستاویزات کو اپنے پاس رکھنا ہوگا ۔ درخواست جمع کرتے وقت آپ کی تصویر اور فنگر پرنٹ لی جائے گی۔ آپ کی درخواست کے رجسٹریشن کے بعد، بین الاقوامی تحفظ کے درخواست دہندگان کے کارڈ کے بجائے، آپ کو ایک دستاویز دی جائے گی جس میں آپ کے انٹرویو انجام دینے کی تاریخ درج ہوگی ۔

حراستی ٹائم فریم میں اضافہ کے اسباب

اگر آپ مجرمانہ جرم کے ارتکاب کے لیے حراست میں رکھے جانے کے دوران بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست جمع کرتے ہیں تو آپ کی سزا پوری ہونے تک آپ کو حراست میں رکھا جائے گا۔

اگر آپ ملک میں غیر قانونی داخلے کی وجہ سے حراست میں رکھے جانے کے دوران بین الاقوامی تحفظ کی درخواست جمع کرتے ہیں یا آپ کی اپنےآبائی وطن کی واپسی ابھی تک زیر التوا ہے، تو آپ کو حراست میں رکھا جا سکتا ہے، اگر پولیس یہ تصور کرتی ہے کہ، آپ کے معاملہ میں درج ذیل اسباب کی بنا پر، کوئی متبادل اقدامات لاگو نہیں کیے جا سکتے ہیں:

الف) آپ کی حقیقی شناخت یا اصل ملک کی توثیق کے لئے؛ یا
ب) ان عناصر کا تعین کرنے کے لئے جن پر بین الاقوامی تحفظ کی درخواست مبنی ہے جنہیں حراست کی غیر موجودگی کی صورت حاصل نہیں کیا جا سکتا، خاص طور پر جب غائب ہونے کا خطرہ پایا جاتا ہو؛
ج) جب اس بات کو یقین کرنے کے لیے معقول بنیاد موجود ہو کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست اس لئےکی ہے کہ واپسی کے فیصلے کی نفاذ کو تاخیر کرنے یا اسے غیر مؤثر بنانے کے لئے؛ یا
د) اگر آپ کی ملک میں موجودگی قومی سلامتی یا عوامی نظم و ضبط کے لیے خطرہ سمجھا جائے؛ یا
ای) جب ریگولیشن (یورپی یونین) نمبر ۲۰۱۳/۶۰۴ کے مطابق فرار ہونے کا سنگین خطرہ ہو اور منتقلی کے طریقہ کار کو نافذ کرنے کے لئے۔

اگر آپ اپنی درخواست واپس لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کو پناہ گزیں سروس کے با اختیار افسران کے سامنے بالمشافہ طور پر اس کا اقرار کرنا ہوگا ۔

آپ کی حراست کو آپ کے سزا کی بنیاد پر ۴۵ دنوں سے ۱۸ ماہ تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ پولیس کے ڈائریکٹر آپ کی حراست پر فیصلہ کرتے ہیں۔ ان کا/ ان کی فیصلے میں تفصیل سے وجوہات بیان کرنا لازمی ہے۔

جس علاقہ میں آپ کو حراست میں رکھا گیا ہے، وہاں کے صدر یا ایڈمنسٹریٹیو کورٹ آف فرسٹ انسٹینس کے مجاز جج کے سامنے آپ کو حراست مین لیے جانے کے خلاف اعتراض دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔

نوٹ: قانون کی طرف سے، آپ کی حراست کے اسباب کو چیلنج کرنے کے لئے آپ کو مفت قانونی امداد فراہم کی جانی چاہئے، لیکن عملی طور پر، مفت قانونی امداد فراہم نہیں کی جاتی۔ آپ یونانی کونسل برائے پناہ گزین سے اپ کی نمائندگی کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ رابطے کی تفصیلات اس دستاویز کے اختتام پرموجود ہیں۔

اگر آپ اپنی درخواست کو واضح طور پر واپس لینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ کو از خود پناہ سروس کے کارکن کے سامنے یہ بیان دینا ہو گا۔ اگر آپ کو حراست میں رکھی جانے والی عمارت کے اندر یا اس کے قریب کوئی پناہ گزین یونٹ کام نہیں کر رہی ہو تو مجاز حکّام کے ذریعہ آپ کو قریبی علاقائی پناہ گزین دفتر میں منتقل کرنا پڑے گا۔

اگر آپ کو حراست میں لیا گیا ہو یا ایک استقبالیہ اور شناخت کے مرکز میں محدود کیا گیا ہے ، توآپ کو اپنا بین الاقوامی تحفظ درخواست دہندہ کارڈ آپ کی رہائی کے دن فراہم کیا جانا چائیے، اگر تو آپ کے درخواست کی جانچ اب بھی زیر غور ہے۔ آپ کو چاہیے کہ ۱۰ دنوں کے اندر اپنے رابطہ کی معلومات ظاہر کرنے کے لیے خود کو علاقائی پناہ گزیں دفتر کے سامنے پیش کریں اور آپ کو درخواست دہندہ کارڈ فراہم کیا جا سے، اگر تو آپ نے ابھی تک یہ موصول نہیں کیا ہے۔

اگر آپ کو حراست میں رکھے جانے والی عمارت کے اندر یا اس کے قریب کوئی پناہ گزیں یونٹ کام نہیں کر رہی ہے تو آپ کو قریبی علاقائی پناہ گزین دفتر میں منتقل کرنا پڑے گا۔

اگرفیصلہ مثبت ہے تو رہائی کا فیصلہ جاری کیا جائے گا ۔ جس دن آپ کو رہا کیا جائے گا، اس دن آپ کو ضروری دستاویزات فراہم کیے جائیں گے۔ آپ کو چاہیے کہ آپ اپنے گھر کے پتہ اور اپنی رابطہ کی معلومات کو بتانے کے لیے ۱۰ دنوں کے اندر خود کو با اختیار علاقائی پناہ گزیں دفتر کے سامنے پیش کریں ۔

۱، ماخذ یونانی پناہ سروس
http://asylo.gov.rg/en/?page_id=319

غیر محفوظ افراد
قومی قانون سازی کو غیر محفوظ افراد کی حراست کے سلسلے میں کئی ضمانتیں فراہم کرتی ہے، تاہم یہ ان کی حراست کو ممنوع قرار نہیں دیتی ہے۔ قانون کے متابق، خواتین کو مردوں سے علیحدہ طور پر حراست میں رکھا جانا چاہئے، حراست میں لیے جانے والے خاندانوں کی خلوت کا احترام کرنا چاہیے، اور نابالغوں کو حراست میں لینے سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، قانون کے مطابق، "درخواست دہندگان کو قید کرنے یا ان کی قید کو بڑھانے کا فیصلہ کرتے وقت ان کی غیر محفوظیت ... کو ملحوظ رکھا جائے گا۔

غیر محفوظ گروپوں سے تعلق رکھنے والے افراد عملی طور پر حراست میں لیے جاتے ہیں، یہاں تک کہ تشدد کے شکار افراد کو بھی حراست میں لیا جا سکتا ہے او ر لیا جاتا ہے۔

حراست تک رسائی

وکلاء، این جی اوز (غیر سرکاری تنظیموں)، یو این ایچ سی آر UNHCR اور خاندان کے افراد کو حراست میں لیے جانے والے افراد سے ملاقات کی اجازت ہے۔

مزید معلومات کے لئے www.refucomm.org پر جائیں